© rasailojaraid.com



میں مختلف علماء، اساتذہ اور کئی اہم شخصیات نے بھی شرکت کی۔ شام کو آپ حضرت مولانا شیر علی شاہ صاحب کی رہائش گاہ پر تعزیت کے لئے تشریف لے گئے اور وہیں پر قیام کیا۔ اور دوسرے دن آپ نے نماز جمعہ بھی پڑھائی۔

**حضرت مولانا قاضی عبدالکریم صاحب مدظلہ کی آمد** گزشتہ دنوں یادگار اسلاف اور ملک کے ممتاز عالم دین، دانشور، محقق حضرت مولانا قاضی عبدالکریم صاحب مدظلہ مہتمم نجم المدارس کلاچی، دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے، حضرت مدظلہ دارالعلوم کے مشفق سرپرستوں میں سے ہیں۔ آپ نے بانی دارالعلوم حقانیہ حضرت مولانا عبدالحقؒ کے مزار پر فاتحہ خوانی کی اور کچھ دیر حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی رہائش گاہ پر قیام فرمایا۔ آپ کے ہمراہ جامعہ ابوہریرہ کے مہتمم حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب اور مولانا قاضی محمد نسیم بھی تشریف لائے تھے۔

**دارالعلوم کے وسطانی امتحانات و تعطیلات:** ۹ راپریل تا ۱۲ راپریل کو دارالعلوم کے وسطانی امتحانات کا انعقاد ہوا۔ جس میں تمام درجات کے طلباء نے شرکت کی۔ امتحانات کا نظام انتہائی سخت گیر اور صاف و شفاف ماحول میں ہوا۔ اساتذہ نے بھرپور نگرانی کی۔ پھر ۱۳ تا ۲۱ اپریل کو مدرسے کی تعطیلات ہوئیں اور اب الحمدللہ مدرسہ دوبارہ کھل گیا ہے اور اسباق کا سلسلہ انہماک کیساتھ جاری و ساری ہے۔

**مختلف دانشور و زعماء حضرات کی دارالعلوم آمد:** برطانیہ کی معروف آکسفورڈ یونیورسٹی سے ڈاکٹر مسعودہ بانو صاحبہ ۴ راپریل ۲۰۰۷ء مدارس کے بارے میں اپنی ایک زیر تکمیل تحقیقی کتاب کے سلسلے میں دارالعلوم حقانیہ تشریف لائیں۔ اسکے علاوہ ۴ راپریل کو ہی PTV کی ایک ٹیم کے ڈائریکٹر فار کرنٹ آفیئر جناب رضا رحیم کی قیادت میں پروگرام "مدارس اسلامیہ میں عصری علوم کی تعلیم" کے سلسلے میں دارالعلوم آئی۔ مہتمم صاحب کی عدم موجودگی میں نائب مہتمم حضرت مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ اور مولانا عرفان الحق نے مدرس جامعہ ہذا کے اس سلسلے میں انٹرویوز کیئے۔ بعد میں دارالعلوم کے مختلف شعبوں کا معائنہ و جائزہ بھی لیا۔ اس کے علاوہ بلوچستان کے وزیر بلدیات مولانا حافظ حسین احمد شرودی، مہتمم جامعہ رشیدیہ کوئٹہ، جامعہ حقانیہ تشریف لائے۔ آپ نے کچھ دیر دارالعلوم میں قیام کیا اور اساتذہ کرام سے ملاقاتیں کیں۔

**نیپا (NIPA) کے اعلیٰ افسران پر مشتمل وفد کی دارالعلوم آمد:** ۱۸ راپریل ۲۰۰۷ء کو نیپا کے افسران کا اعلیٰ سطحی مطالعاتی پچاس رکنی وفد دارالعلوم تشریف لایا۔ وفد کے شرکاء نے دارالعلوم کے تمام اہم شعبوں، درسگاہوں اور دفاتر وغیرہ کا تفصیلی معائنہ کیا۔ علماء کرام اور طلباء سے مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔ وفد نے دارالعلوم کے مختلف شعبوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور دارالعلوم کے مثالی نظم و نسق اور مربوط تعلیمی نظام کی تحسین کی۔ وفد کے ارکان کو دارالعلوم کے استاد مولانا سید یوسف شاہ نے تفصیلی دارالعلوم کے بارے میں بریف کیا۔ اور مختلف سوالات کے جوابات دیئے۔ آپ کی معاونت ایڈیٹر ماہنامہ "الحق" مولانا راشد الحق نے کی۔

© rasailojaraid.com